'समानो मन्त्रः समितिः समानी'

UNIVERSITY OF NORTH BENGAL

B.A. Honours 5th Semester Examination, 2022

CC12-URDU (502)

Time Allotted: 2 Hours | Full Marks: 60

The figures in the margin indicate full marks.

1. درج ذیل معروضی سوالوں میں سے کسی چار (4) کے جواب دیجئے۔ 3×4 = 12

(i) اردو کے دو نفسیاتی تنقید نگاروں کا نام بتایئں.

(ii) آل احمد سرور کی دو تنقیدی تصانیف کا نام بتایئں.

(iii) لفظ" تنقید" کا لفظی واصطلاحی معنی تحریر کریں.

(iv) " اردو شاعری پر ایک نظر" اس کتاب کے مصنف کون ہیں؟

(v) اردو زبان کے دو محققوں کا نام بتائیں.

(vi) حالی کی ولادت ووفات بتائیں.

2. درج ذیل سوالوں میں سے کسی چار(4) کے جواب دیجئے۔ 6×4 = 24

(a) تحقیق وتنقید کا باہمی رشتہ واضح کریں.

(b) " مارکسی تنقید" سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے.

(c) حالی کو بحیثیت ناقد قلمبند کیجئے.

(d) تنقید کا مفہوم اور اسکی اہمیت واضح کیجئے.

(e) درج ذیل اقتباس کا لفظی تشریح کیجئے یا مفہوم واضح کیجئے۔

" دوسری بات جو ملٹن نے کہی ہے وہ یہ ہے کہ " شعر اصلیت پر مبنی ہو۔ اس سے یہ غرض ہے کہ خیال کی بنیاد ایسی چیز پر ہونی چاہیئے جو درحقیقت کچھ وجود رکھتی ہو نہ یہ کہ سارا مضمون ایک خواب کا تماشہ ہو کہ ابھی تو سب کچھ تھا اور آنکھ کھلی تو کچھ نہ تھا۔ یہ بات جیسی مضمون میں ہونی ضرور ہے ایسی ہی الفاظ میں بھی ہونی چاہیے۔"

(f) درج ذیل اقتباس کا مفہوم اپنی زبان میں لکھیں۔

" مغرب کے اثر سے اردو میں کئی خوشگوار اضافے ہوئے ہیں ان میں سب سے اہم فن تنقید ہے۔اس کا یہ مطلب نہیں کہ مغرب کے اثر سے پہلے اردو ادب میں کوئی تنقیدی شعور نہیں رکھتا تھا۔ یہاں شعر وادب سے متعلق گفتگو، شاعروں پر تبصرہ اور زبان وبیان کے محاسن بحث نہیں ہوتی تھی۔ بڑے تخلیقی کارنامے بغیر اچھے تنقیدی شعور کے وجود میں نہیں آسکتے۔"

3. درج ذیل سوالوں میں سے کسی دو (2) کا مفصل جواب دیجئے۔ 12×2 = 24

(الف) اردو تنقید پر ترقی پسند تحریک کے اثرات کا جائزہ لیجئے.

(ب) احتشام حسین کو بحیثیت ناقد پیش کیجئے.

(ج) " جمالیاتی تنقید" سے اپنی مکمل واقفیت کا اظہار کیجئے.

(د) کلیم الدین احمد کا مقام اردو تنقید نگاروں میں متعین کیجئے.

——×——